ترجمة القرآن

مولانا محمد اکرم مدنی
مدرس جامعہ سلفیہ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم قربانی

قولہ تعالیٰ: رب ھب لی من الصالحین، فبشرناہ بغلام حلیم. فلما بلغ معہ السعی قال یبنی انی اری فی المنام انی اذبحک فانظر ماذاتری قال یا ابت افعل ماتومر ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین. فلما اسلما وتلہ للجبین ونادیناہ ان یا ابراھیم قد صدقت الرء یا انا کذالک نجزی المحسنین. ان ھذا لھو البلاء المبین و فدیناہ بذبح عظیم و ترکنا علیہ فی الآخرین سلام علی ابراھیم کذالک نجزی المحسنین. انہ من عبادنا المومنین(صافات: ۱۰۰۔۱۱۱)

اے میرے رب مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما۔ تو ہم نے اسے ایک بردبار بیٹے کی بشارت دی پھر جب وہ اتنی عمر کو پہنچا کہ اس کے ساتھ چلے پھرے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا اے میرے پیارے بیٹے! میں خواب میں اپنے آپ کو تجھے ذبح کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ اب تو بتاء کہ تیری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے جواب دیا کہ اباجی جو حکم ہوا ہے اسے بجالائیے۔ ان شاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔ غرض جب دونوں مطیع ہوگئے اور اس نے (باپ نے) اس کو (بیٹے کو) پیشانی کے بل گرادیا۔ تو ہم نے آواز دی کہ اے ابراہیم یقیناً تو نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا بے شک ہم نیکی کرنے والوں کو اس طرح جزا دیتے ہیں۔ درحقیقت یہ کھلا امتحان تھا ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے فدیہ میں دے دیا ہم نے ان کا ذکر خیر پچھلوں میں باقی رکھا۔ ابراہیم علیہ السلام پر سلام ہو ہم نیکوکاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھا۔

قارئین کرام! مذکورہ آیات کریمہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عدیم النظیر قربانی اور امتحان و آزمائش کا تذکرہ ہے۔ جن کی یاد میں ہر سال عالم اسلام میں جانوروں کا نذرانہ اللہ کے حضور پیش کیا جاتا ہے۔ مذکورہ آیات کی تفسیر میں یہ بات منقول ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام مسلسل خواب دیکھتے ہیں۔ کہ میں اپنے بیٹے کو ذبح کر رہا ہوں چونکہ انبیاء کا خواب بھی وحی پر مبنی ہوتا ہے اس لئے اسے حکم ربانی سمجھ کر بیٹے کی قربانی پر تیار ہو

(باقی صفحہ 80)

ترجمة الحدیث

اللہ کے محبوب بندے کا مقام

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ تعالیٰ اذا احب عبداً دعا جبریل، فقال انی احب فلانا فاحببہ فیحبہ جبریل ینادی فی السماء فیقول ان اللہ یحب فلانا فاحبوہ فیحبہ اھل السماء ثم ضع لہ القبول فی الارض و اذا ابغض عبدا دعا جبریل فیقول انی ابغض فلانا فابغضہ فیبغضہ جبریل ثم ینادی فی اھل السماء ان اللہ یبغض فلانا فابغضوہ فیبغضہ اھل السماء ثم توضع لہ البغضاء فی الارض (بخاری ومسلم)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت فرماتا ہے تو جبریل علیہ السلام کو بلا کر اس فرماتا ہے کہ میں فلاں بندے سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر۔ پس جبریل اس سے محبت کرنے لگ جاتے پھر جبریل آسمان میں منادی کرتے ہوئے کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ فلاں سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو۔ آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگ جاتے ہیں۔ پھر اس کیلئے زمین میں قبولیت رکھ دی جاتی ہے۔ اور جب اللہ کسی بندے سے دشمنی کرتا ہے تو جبریل علیہ السلام کو فرماتا ہے۔ میں فلاں سے دشمنی کرتا ہوں تو بھی اس سے دشمنی کر۔ پس جبریل علیہ السلام بھی اس سے دشمنی کرنے لگ جاتے ہیں پھر وہ آسمان والوں میں اعلان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں سے دشمنی کرتا ہے تم بھی اس سے دشمنی کرو۔ پھر اس کیلئے زمین میں دشمن رکھ دی جاتی ہے (یعنی اہل زمین بھی اس سے بغض وعناد رکھتے ہیں)

قارئین کرام! مذکورہ حدیث میں اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوبیت کا صلہ بیان کیا گیا ہے کہ ایسا شخص اللہ کا محبوب نہیں رہتا بلکہ اس کے ساتھ اہل آسمان و اہل زمین سب کا ہی محبوب بن جاتا ہے۔ اس کے برعکس اللہ کے مبغوض اور ناپسندیدہ افراد کو دنیا اور آسمان والے سبھی ناپسند کرتے ہیں۔ ایک دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ محبت انسان کو اللہ کی بندگی سے حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے بیان فرماتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کا

(باقی صفحہ 81)